یا اللہ مدد

شہید ناموس صحابہؓ، امیرِ عزیمت

مولانا حق نواز شہید

کی

داستانِ حیات

اور

آخری خطاب

تالیف

علامہ محمود الرشید حدوٹیؒ، فاضل جامعہ اشرفیہ، لاہور

ناشر

۱۲/=

ادارہ نشریاتِ اسلام ۴۰ اردو بازار لاہور

فون: ۲۲۱۲۸۸

خلافت راشدہ

یا اللہ مدد

حق چار یارؓ

شہید ناموس صحابہؓ، امیرِ عزیمت

مولانا حق نواز شہید

کی

داستانِ حیات

اور

آخری خطاب

تالیف

علامہ محمود الرشید حدوٹیؒ، فاضل جامعہ اشرفیہ، لاہور

=/١٢

ناشر

ادارہ نشریات اسلام ۴۰ اردو بازار لاہور

فون : ۲۲۸۴۸۸

فہرست عناوین

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ
عرض حال	ب	۳ مسلمانوں کی شہادت	۲۳	ایران کا شائع شدہ قرآن	۴۱
علامہ حق نواز جھنگوی رح	۷	مولانا کی رہائی	۲۴	نبی پاکؐ اور امام مہدی	۴۲
حق نواز کی آمد آمد	۱۱	مولانا پر تشدد	۲۴	چار دفعہ متعہ	۴۲
آغاز تعلیم	۱۲	قاتلانہ حملہ	۲۵	خمینی کی مہندہ	۴۲
حفظ قرآن کا شوق	۱۲	فضل الرحمان ، عارف حسینی	۲۶	ملا باقر مجلسی	۴۳
ڈھائی سال میں قرآن حفظ	۱۳	بے نظیر وزارت	۲۶	شیرانی میاں	۴۳
مسجد شیخیاں والی میں روانگی	۱۳	ملک بدر کر دیا جائے	۲۷	کاش کہ آج حق نواز ہوتے	۴۵
مادر علمی دار العلوم کبیر والہ میں	۱۳	صحابہؓ کی عظمت سنواؤں گا	۲۷	کیا اب بھی شیعہ کے کفر میں شک	۴۶
علم مناظرہ کی تعلیم	۱۵	قومی اسمبلی میں شیعہ کو کافر کہا جائے	۲۷	پاکستان شیعہ کی صحابہؓ دشمنی	۴۶
دوران تعلیم	۱۵	طاہر القادری	۲۸	حسین بخش کی جسارت	۴۷
خیر المدارس کے سائے میں	۱۶	شیعہ کی بوکھلاہٹ	۲۸	غلام حسین کی مکروہ جسارتیں	۴۷
سیاست میں حصہ	۱۶	شیعیت چونک گئی	۳۰	سپاہ صحابہ رضہ	۴۹
مسند تدریس پر	۱۷	شیعیت کا ہذیان	۳۱	جمعیت کے دھڑے	۵۰
جھنگ میں آمد آمد	۱۷	شیعیت نے گھٹنے ٹیک دیے	۳۲	جے۔ ٹی۔ آئی	۵۰
امامت وخطابت	۱۸	جنرل ضیاء الحق	۳۲	سنی تحریک اور ہمارا مشن	۵۱
کام کرنے کا موقع دو۔ باقی اللہ مالک	۱۸	سپاہ صحابہؓ پر پابندی	۳۳	امام اہل سنت کی تاریخ	۵۱
پہلی گرجدار آواز	۱۸	کافر کافر شیعہ کافر	۳۵	ہماری غیرت کو چیلنج	۵۲
سپاہ صحابہؓ کیوں بنائی ؟	۱۹	رد عمل	۳۵	لوٹ کی لگام	۵۲
سپاہ صحابہؓ کی مقبولیت	۲۰	مولانا کی بیوہ کو دھمکیاں	۳۶	جھنگوی تیری جرأت	۵۳
مصائب و آلام کے طوفان	۲۱	مذہبی دشمنوں کی کاروائی	۳۶	مولانا مرحوم کی شہادت	۵۳
جھنگ میں عام گرفتاریاں	۲۱	علماء کو دھمکیاں	۳۷	حضرت درخواستی کی امامت	۵۳
لیہ کا قیامت خیز منظر	۲۲	موت وحیات	۳۸	خراج تحسین	۵۴
سپاہ صحابہؓ کی مرکزی کمان	۲۲	شیعیت کی کارستانیاں	۳۸	آخری خطاب	۵۴
عظیم الشان جلوس	۲۲	شیعہ مذہب کے گل	۳۹		
جلوس روک دیا گیا	۲۳	کیا یہ قرآن کے محافظ ہیں	۴۰		

Scanned with CamScanner

عرضِ حال

حضرت العلام مولانا حق نواز شہید رح کی مختصر سوانح عمری

گزشتہ سال انٹرنیشنل حق نواز شہیدؒ کانفرنس اسلام آباد (۲ جون ۱۹۹۱ء) کے موقع پر شائع ہوئی تھی۔ اب اِس کتاب کو دوبارہ شائع کرنے کی نوبت آئی ہے۔

مناسب خیال ہوا کہ ۶ ستمبر ۱۹۹۱ء کو چوبرجی کوارٹرز گراؤنڈ لاہور میں سپاہ صحابہؓ کے جلسہ عام میں جو بم دھماکہ ہوا تھا، اور آج سے چند سال قبل ۶ ستمبر ۱۹۸۵ء ہی کو سپاہ صحابہؓ کی بنیاد رکھی گئی تھی۔ اِس مناسب موقع پر اس کتاب کو از سرِ نو شائع کیا جائے۔ یہ کتاب دراصل راقم خاطی کی ضخیم اور تاریخ ساز کتاب، "حق نواز جھنگوی شہیدؒ" کا ایک اہم حصہ ہے، جو انشاء اللہ بہت جلد منظر عام پر آجائے گی۔ ہماری کوشش ہے۔ کہ ہم ایک تاریخی دستاویز ترتیب دیں جو آنے والی نسلوں کے کام آئے۔ اور اکابر علماء دیوبند کے تاریخی ابواب میں اس باب کا اہم الاہم اضافہ بھی ہوا۔

اللہ تعالےٰ اِس کتاب کو شرف قبول سے نوازے، اور اہل سنّت والجماعت کو ہر محاذ پر فتح و نصرت سے نوازے، اور گلشن اہل سنّت کی آبیاری کرنے والی عالمی تنظیم "سپاہ صحابہؓ" کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔

ہے

پھلا پھولا رہے یارب چمن میری امیدوں کا۔
جگر کا خون دے دے کر یہ بوٹے میں نے پالے ہیں

محمود الرشید حدوٹی

لیکچرار سون لائٹ کالج لاہور

۲۳ اگست ۱۹۹۲ء، ۲۳ صفر ۱۴۱۳ھ اتوار

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین ۔ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ سیدنا محمد خاتم النبیین و علی خلفاء الراشدین و علی آلہ و اصحابہ اجمعین ۔

ایک مختصر سا مضمون "حق نواز شہید نمبر"

کے لیئے ادارہ ماہنامہ خلافت راشدہ فیصل آباد کو بھیجا گیا تھا ۔ جو "امیر عزیمت سے چند ملاقاتیں لاہور سے لاہور تک" کے عنوان سے "حق نواز شہید نمبر" ماہ فروری ۱۹۹۱ء کے صـ۸۸ پر شائع کیا گیا ہے ۔

اس مذکورہ بالا مضمون کے اندر کچھ ہماری طرف سے کوتاہیاں اور بہت زیادہ "حق نواز شہید نمبر" کے مرتبین کی طرف سے کی گئی ہیں ۔ کئی غلطیاں کتابت کی رہ گئیں کئی ترتیب کی اور کئی مضمون کو کانٹ چھانٹ کرنے کی ۔ ان سب غلطیوں کو اگر یکجا جمع کر دیا جائے تو یہ صرف غلطی نہیں بلکہ اغلوطہ بن جاتا ہے "مولانا شہید" کے ساتھ میری محبت اور عقیدت کا تقاضا یہ تھا کہ اس سلسلہ کو مستقلاً آگے بڑھایا جائے ۔ چنانچہ اب "امیر عزیمت کی داستان حیات" کے عنوان سے کچھ گلہائے عقیدت حضرت شہید کی یاد میں پیش کئے جاتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ اس مضمون کو نافع عام بنائے ۔ اور اہل سنت والجماعت کو ہر محاذ پر نصرت سے نوازے ۔ اور مولانا مرحوم کے مشن کو سدا بہار بنائے ۔

احقر محمود الرشید حدوٹی

خادم سنی تحریک طلبہ پاکستان

(۱۸ مئی ۱۹۹۱ء)

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وہ سحر جو کبھی فردا ہے کبھی ہے امروز۔
نہیں معلوم کہ ہوتی ہے کہاں سے پیدا
وہ سحر جس سے لرزتا ہے شبستانِ وجود۔
ہوتی ہے بندۂ مومن کی اذاں سے پیدا
(اقبال رح)

اس عالم رنگ و بو میں جو بھی آتا ہے وہ جانے ہی کے لئے آتا ہے۔ کسی کو دوام و بقاء نہیں ہے۔ ازل سے تا امروز کتنے چہرے کھلے اور مرجھا گئے۔ بہاریں آئیں تو خزاں کے جھونکوں سے بکھر کر پاش پاش ہو گئیں۔ اجالوں کے بھیانک چہروں سے تاریکی نے نقاب اٹھا لئے۔ شاہی محلات کی زرق و برق نعمتوں و مرغن غذاؤں سے شکم سیر ہونے والے دلق و گدڑی سے محروم دیکھے گئے۔

دولت کی ٹکڑیوں پہ تلنے والے زمانے کے بیوپاری اور گداگر دیکھے گئے۔ ایک وقت میں دولت کے ساتھ کھیلنے والے دوسرے وقت نان شبینہ سے ترستے نظر آئے۔ بڑے بڑے لوگ آئے مگر چلے گئے۔ بہت آتے ہیں مگر چند بہاریں دیکھ کر ویسے ہی چلے جاتے ہیں۔

لیکن ان میں کچھ ایسے بھی اہل حق پاک دل و پاکباز جانثار و خدمتگار آتے ہیں۔ جو آتے تو جانے کے لئے ہی ہیں۔ مگر ان کے آنے کا کوئی اہم مقصد ہوتا ہے۔ ان کے سامنے اپنی زندگی کا کوئی اصول ہوتا ہے۔ ان کے سامنے کوئی پروگرام

ہوتا ہے۔ وہ ایک لائحہ عمل مرتب کرکے آتے ہیں جس کے تحت خود بھی عمل کریں اور امت کو بھی عمل پیرا ہونے کی دعوت دیں ان کی آمد روانگی کے لیئے ہی ہوتی ہے۔ مگر یہ نیک بخت وخوش قسمت لوگ آنے والی نسلوں کے لیئے سنگلاخ، میدانوں کو زرخیز بنا کر، مشکلات کو سہولتوں سے بدل کر، آزمائشوں کو آرائشوں سے بدل کر جاتے ہیں۔ یہ لوگ راہ حق میں اٹکنے والے سنگریزوں اور راہ وفا پر چلنے کے لیئے پاؤں میں چبھنے والے کانٹوں کو صاف کرکے جاتے ہیں۔ یہ لوگ کٹ کر مر کر جام شہادت پی کر،، اسلاف کے سنہری کارناموں کو از سرِ نو زندہ کرکے ان کی یادوں کو نئی نسل کے قلب و جگر کی گہرائیوں میں اتار کر جاتے ہیں۔ یہ آنے والی نسلوں کو اسلاف حق کی طرح گردن کٹانے، جام شہادت نوش کرنے، راہ حق میں مصائب و آلام سہنے دشمنوں پر یلغار کرنے،، ان پر غلبہ پانے، حق کی آواز کو بلند کرنے، پرچم حق کو سر بلند اور پرچم باطل کو سرنگوں کرنے کا طریقہ سکھلا جاتے ہیں۔

یہ باوفا و باکردار لوگ جیلوں کی کال کوٹھڑیوں میں آزادی کی سانس لینا جیلوں کی ویرانیوں کو آبادیوں سے بدلنا۔ جیلوں کی ظلمت خیز دیواروں کو دیکھ دیکھ کر مسکرانا ہتھکڑیوں کو چومنا، بیڑیوں کو کھلونا بنانا۔ زندانوں کی سلاخوں کو سلام کرنا زندانوں کے ٹھنڈے فرشوں پر اللہ کے حضور سجدہ ریز ہونا۔ اپنے لیئے فخر محسوس کرتے ہیں۔ یہ جرأت و بہادری کے جبل احد تختہ دار پر بھی آواز حق بلند کرنے اور باطل کو للکارنے میں ہچکچاہٹ،،

محسوس نہیں کرتے۔ سولی پر چڑھ کر بھی کلمہ حق کہہ دیتے ہیں ——
زندانوں کی سلاخیں۔ لوہے کی ہتھکڑیاں اور بیڑیاں۔ پتھر و اینٹ کی ٹھنڈی و گرم دیواریں ان کے پائے استقلال میں جنبش پیدا نہیں کر سکتیں۔ ان کی شجاعت۔ بہادری انہیں جابر و ظالم کے گریبان تک لے جاتی ہے۔ ظالم کے گریبان پہ شجاعان اسلام کا قوی پنجہ پہنچ کر سکون و چین کی ٹھنڈی سانس لیتا ہے۔ یہ بہادر و جری لوگ ظالموں کے گریبانوں سے کھیلنا، ان کی کارستانیاں بیان کرنا۔ ان کی کاسہ لیسی، حق فروشی اور حق فراموشی کی داستانیں سنانا۔ ان کی اغیار سے دادرسی کی فریاد کو عام کرنا مظلوموں اور ماتحتوں پہ ستم کے پہاڑ توڑنا —— اور ان کے فرعونی، ھامانی قارونی اور نمرودی ذہن کی صفائی کرنا ان کا مشن بن چکا ہوتا ہے۔

ستمگروں کا ستم، ظالموں کا ظلم، جابروں کا جبر و استبداد ان کا راستہ نہیں روک سکتا، ان کا رعب و داب ان کو مرعوب نہیں کر سکتا، یہ لوگ بجلی کی سی کڑک، شیر کی سی گرج، سمندر کی سی بیکرانی، موج کی سی روانی لے کر بہت ہی سبک رفتاری سے ابھرتے ہیں اور پھر ابھرتے ہی چلے جاتے ہیں۔ اور ایک طوفان بن جاتے ہیں۔ جو اپنی رَو میں ان سب کو بہا کر لے جاتا ہے۔

ان باضمیر و غیور، بے لوث و مخلص حضرات کی قابل رشک زندگیوں کو دیکھ کر آنے والی نئی پود اپنی راہ متعین کرتی ہے اپنا پروگرام زندگی از سر نو مرتب کرنے کی دھن میں لگ جاتی ہے۔ ان کے کردار کو سامنے رکھ کر نئی نسل اپنے کو بنانے اور مستقبل کے طوفانوں سے ٹکرا جانے کے لیے

مستعد اور کمربستہ ہو جاتی ہے۔ آنے والے سیلابوں کے سامنے بندھ باندھنے کی فکر کرتی ہے۔ باد مخالف سے چلنے والے جھکڑوں سے بچاؤ کا سامان تیار کرتی ہے۔ آندھیوں اور طوفانوں سے محفوظ رہنے کے لئے کوئی مضبوط مقام تلاش کرتی ہے۔ اپنے کو بھی دشمن کی یلغار سے بچانے کی فکر کرتی ہے بلکہ جرأت و ہمت کر کے دشمن کو اس کی دسیسہ کاریوں کا مزہ چکھا دیتی ہے۔

ان لوگوں کی بے غرضی، اخلاص، تقویٰ، للہیت شبانہ روز اپنے مشن کی خاطر محنت دعوت و تبلیغ، ایثار و قربانی، کو دیکھ کر دشمن انگشت بدنداں ہو جاتا ہے۔ وہ سمجھتا ہے کہ ان صفات کے حامل لوگ تیر و تفنگ سے ٹکرا سکتے ہیں برف کے بلاکوں پر سو سکتے ہیں۔ غرض یہ کہ ہر قسم کا ستم سہہ سکتے ہیں مگر جھک نہیں سکتے۔

انہی صفات حمیدہ سے متصف تھے ایک داعی حق، شہسوار خطابت امام انقلاب سنیت، امیر عزیمت وکیل اصحاب مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم، ثانی امیر شریعت مرد آہن جس کے حوصلے افلاک کی طرح بلند۔ جس کے عزائم پہاڑوں کی طرح مضبوط جس کے جذبات کا سیل رواں سمندر کی مثل بیکراں۔ جس کی گھن گرج میں شیر دل کا سا وقار ہے جس کی گفتگو بجلی کی طرح کڑک دار تھی۔ وہ ہیں۔

حضرت مولانا علامہ حق نواز جھنگوی شہیدؒ

جو دشمنوں کے ہاتھوں ستم کے تیر کھا کر واصل بحق ہو گئے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن!

ے بچھڑا تو کچھ اس ادا سے کہ رت ہی بدل گئی۔
ایک شخص سارے جہاں کو ویران کر گیا۔

اس عظیم شخصیت کی تعریف و ستائش جتنی بھی کی جائے کم ہے۔

اس مرد درویش کی قلندرانہ زندگی عجوبۂ روزگار تھی۔ ایک طرف دیکھا جائے اسلاف کے کارنامہائے گراں مایہ کو سامنے رکھا جائے تو کبھی مجدد الف ثانی یاد آتے ہیں۔ کبھی شاہ ولی اللہ کی شخصیت نکھر کر سامنے آجاتی ہے۔ اور کبھی حضرت نانوتوی اور حضرت گنگوہی کا تصور آجاتا ہے۔ اور یہ باصلاحیت و باکردار شخصیت حضرت شیخ احمد سرہندی فاروقی مجدد الف ثانیؒ کی آرزوؤں اور شاہ ولی اللہ کی تمناؤں کی نیک کرن تھی، امام الادب امام غزالی کے فلسفہ اسلام اور امام ابن تیمیہ کی جرأت و بہادری کی مثال تھی۔ ابو حنیفہؒ کی عظمت اور امام احمد بن حنبلؒ کے عزم و استقلال کا نمونہ تھی۔ یہ شخصیت خانوادۂ ولی اللہیؒ کی یاد تازہ کرنے دنیا میں جلوہ گر ہوئی۔ یہ شخصیت حضرت نانوتویؒ کے تدبر و حوصلہ حضرت گنگوہی کے علم و ورع، حضرت سحبان الہند کی استقامت، حضرت شیخ العرب والعجم کی جرأت و بہادری

حضرت عبیداللہ سندھی کی انقلابی سوچ، حضرت حکیم الامت کی تبلیغ و دعوت، حضرت شیخ لاہوریؒ کی للہیت و خدا خوفی۔ حضرت بنوریؒ کی بے لوثی و بے غرضی کا نمونہ شاہ اسماعیل شہید کی دعوت جہاد اور حضرت امیر شریعت سید عطاء شاہ بخاریؒ کی للکار تھی۔ جو اسلاف کرام کی مانند رزم حق و باطل میں اپنے جوہر خدا داد دکھاتی رہی۔

اس عظیم حق گو اور بے باک انسان نے شہادت کا سبق عمّ رسول حضرت حمزہ کی خونچکاں داستان سے سیکھا تھا۔ شہادت کا سبق فاروق اعظمؓ، حضرت عثمانؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ حضرت حسینؓ کی شہادت سے سیکھا تھا۔ حضرت سعید بن جبیر کی شہادت سے سیکھا تھا۔ حضرت سمیہؓ کی شہادت سے سیکھا تھا۔ شہدائے احد سے سیکھا تھا۔ مصائب و آلام کے معرکوں میں کود جانا بلال حبشی کی زندگی سے حضرت خباب بن الارت کی زندگی سے، حضرت زنیرہ کی زندگی سے، ابو حنیفہؒ کی زندگی سے، احمد بن حنبلؒ کی پر مصائب زندگی سے، امام ابن تیمیہ کی زندگی سے، مجدد الف ثانی کی زندگی سے، عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کی زندگی سے شیخ بنوریؒ کی زندگی سے، شیخ لاہوریؒ کی زندگی سے، شیخ مدنیؒ کی زندگی سے شیخ محمود الحسن کی زندگی سے، جعفر تھانیسری کی زندگی سے سیکھا تھا۔

اس مردِ قلندر کی زبان شیریں سے سلطان ٹیپوؒ شہید کی طرح ایک جملہ اکثر سنائی دیتا تھا، کہ ”گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے“ اور اکثر یوں بھی گویا ہوئے کہ ”شیعو اگر تم نے ماں کا دودھ پیا ہے۔ بوتں کا

نہیں پیا تو حق نواز کے دلائل کو ہائی کورٹ میں چیلنج کرو" تاریخ شاہد ہے کہ اس شیر کی گھن گرج اور کڑاکے دار تقریر سے دشمن کے حوصلے پست ہو گئے۔ دشمن کے مکروہ اور بھیانک چہروں سے گھونگھٹ اٹھ گئے۔ ہائی کورٹ تو کیا دشمن ضلع و تحصیل کی عدالت تک بھی نہ جا سکا۔ بلکہ یونین کونسل اور ثالثی کونسل تک بھی نہ پہنچ سکا۔

دیکھنے والوں نے بچشم خود دیکھا۔ مشاہدہ کرنے والوں نے بذات خود مشاہدہ کیا۔ ماہرین نے تجربہ کیا کہ اس شیر دل باضمیر قائد کے رگ وپے میں اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کس طرح جاگزیں تھی۔ جس کی خاطر اس نے جیلوں کو آباد کیا۔ زندانوں کو سلام کیا۔ بیڑیوں کا گہنا پہنا۔ ہتھکڑیوں کو بوسہ دیا۔ بچوں کو چھوڑا، بیوی کو چھوڑا، سکھ کو چھوڑا، چین کو چھوڑا آرام کو چھوڑا تکلفات کو چھوڑا۔ آرائشات کو دور کیا۔ تعیش و تیسر کو خیر آباد کیا۔ کاہلی و سستی کو دور پھینکا۔ دن کا کاروبار ترک کیا۔ رات کو نیند حرام کی۔ کس لئے؟ صرف اور صرف اس لئے کہ اس کے دھڑکتے دل میں اک سوز تھا، جلن تھی۔ اور تپش تھی کہ اس مقدس سرزمین پر اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو طعن و تشنیع کرنے والا سکھ اور آرام کی نیند نہ سو سکے، اگر دشمن اصحاب پھولوں کی سیج پر بھی قدم رکھے تو اس کو کانٹا محسوس ہو۔ بالفول سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ کہ میں دو ہی باتیں چاہتا ہوں" یا اس ملک سے سامراج چلا جائے یا مجھے جلاوطن کر دیا جائے"۔ یہی آواز حق تھی۔ اس مرد آہن کی کہ اس وطن عزیز کی پارلیمنٹ سے یہ آواز اٹھے

کہ دشمنانِ صحابہ کافر و مرتد ہیں یا پھر مجھے عدالت کے کٹہرے میں گولی مار دی جائے۔

اس بطلِ حریت نے اپنے اسلاف کے نقوش پا پر چل کر ان کی وراثت کے تحفظ کا صحیح معنوں میں حق ادا کر دیا۔ جس نے قرآن کی عظمت کی خاطر رب کائنات کی توحید و ربوبیت کی خاطر سرکار مدینہ کی عصمت کی خاطر، ابوبکرؓ کی صداقت کی خاطر عمرؓ کی عدالت کی خاطر حیاءِ عثمانؓ کی خاطر شجاعت علیؓ کی خاطر اتحاد و محبت حسنینؓ کی خاطر سیاست و تدبر اور حلم معاویہؓ کی خاطر عفت عائشہؓ کی خاطر، دفاعِ حفصہؓ کی خاطر مدح اصحابِ رسولؐ کی خاطر سنی غیرت کی خاطر اپنے ننھے، منے (اظہار الحق) حسنینؓ معاویہ، سرور نواز) بچوں کو یتیم بنا دیا۔ اپنی جواں سال رفیقہ حیات کو بیوہ بنا دیا۔ اپنے لاتعداد شیدائیوں اور گرویدوں کی آنکھوں کو نمناک کر دیا۔ بے شمار معتقدین و محبین کو غمناک کر دیا۔ جس نے نوجوانوں کے ایک عظیم طوفانی ریلے کی آنکھوں کو نم نم اور ان کے حق کی صدا سے دھڑکنے اور مذہبی غیرت سے تڑپنے والے دلوں کو پروانۂ غم بنا دیا۔

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

اب اس درویش صفت انسان کے چیدہ چیدہ حالات بھی نذر قارئین کیے جاتے ہیں۔

حق نواز کی آمد آمد

کسے معلوم تھا کہ سپرا قوم سے تعلق رکھنے والے غریب کسان ولی محمد کے دولت خانے میں حق وصداقت کی آواز، غیرتِ حق کی خاطر دھڑکنے والا دل، کفرستان عالم کو ورطہ حیرت میں ڈالنے والی جرأت حق نواز جھنگوی کی شکل میں نمودار ہوگی اس ہونہار اور خوش نصیب بچے کی پیدائش ۱۹۵۲ء کے ساتویں ماہ ہوئی ۱۹۵۳ء کے ساتویں ماہ جب اس نومولود کی عمر کے ۱۲ ماہ گذرے تو والدہ ماجدہ کا سایۂ رحمت سر سے اٹھ گیا۔ جب یہ بچہ ایک سال کی عمر کو پہنچا تو امیر شریعت مرزائی سامراجی جھوٹی نبوت کے خلاف جدوجہد کر رہے تھے۔ اور اس جھوٹی نبوت کے بوسیدہ محلات پہ برق سماوی بن کر گر رہے تھے اور تحریک کی قیادت کر رہے تھے جس نے پورے ملک میں اس سامراجی نبوت کے ایجنٹوں کو ناکوں چنے چبوا دیئے تھے۔

موضع چیلہ ضلع جھنگ میں رب تعالیٰ نے حقنواز کو پیدا فرمایا یہ وہ جگہ ہے جو ایک طرف دشمنان اصحاب رسول کی آماجگاہ تھی تو دوسری طرف مرزا قادیانی کے حواریوں کی کمین گاہ تھی۔ جہاں ایک طرف قادیانی مسلمانوں کے خلاف سازشیں تیار کر رہے تھے تو دوسری طرف دشمنان صحابہ مسلمانوں کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے میں کمر ہمت باندھ چکے تھے۔ رب تعالیٰ نے اندریں حالات حق وصداقت کی آواز اور شبیر کی للکار حق نواز کو پیدا کیا۔ جس کے آنے سے اہل جھنگ کی قسمت سنوری،

حالات نے پلٹا کھایا۔

آغازِ تعلیم

جب حق نواز چھٹے سال کی عمر کو پہنچے تو آپ کے والد بزرگوار نے انہیں موضع چیلہ کے گورنمنٹ پرائمری سکول میں داخل کروا دیا ۔۔ ایک ہی سال کے عرصے میں پہلی اور دوسری جماعت پاس کرلی۔ اور تیسرے سال میں پہنچ گئے۔ بس یہی دو چار جماعتیں عصری تعلیم کی پڑھیں ہوں گی کہ قدرت نے کسی دوسری سمت ان کا رخ موڑ دیا۔

حفظ قرآن کا شوق

رمضان شریف میں شہروں کے اندر شبینہ ہو تو اور بات ہے لیکن یہی شبینہ جب کسی بستی اور دیہات میں ہوتا ہے تو بڑے بڑے انقلاب بپا کر دیتا ہے ۔۔ چنانچہ اس کے ایک انقلاب کی جھلک یہ بھی ہے کہ موضع چیلہ میں ایک مرتبہ لوگوں نے شبینہ کا اہتمام کیا۔ موضع چیلہ و مضافات کے دوسرے کئی بچے اس شبینے میں بڑے ذوق شوق سے شریک ہوئے۔ حق نواز بھی ان معصوم بچوں کے ہمراہ اس شبینے کے سامعین میں شامل ہو گئے۔ بس شبینہ سننا ہی تھا کہ ان کے دل میں حفظ قرآن کی تڑپ نے انگڑائی لی۔ اور سکول چھوڑنے کا مکمل فیصلہ کر لیا۔

ڈھائی سال میں قرآن حفظ

یہ شوق حفظ قرآن آپ کو کشاں کشاں حافظ جان محمد مرحوم کے قدموں میں لے آیا۔ جو آپ کے رشتہ میں ماموں لگتے ہیں۔ اور اب روحانی باپ بننے والے ہیں۔ حافظ صاحب کی پر شفقت نگرانی میں آپ نے قرآن پاک یاد کرنا شروع کر دیا۔ کچھ ماہ کے اندر ہی نورانی قاعدہ ازبر کر لیا۔ اور دو سال چھ ماہ کے قلیل عرصہ میں پورے تیس پارے اپنے سینے میں جمع کر لئے

مسجد شیخاں والی میں روانگی

حفظ قرآن کے دوران ہی آپ کو قرآن پاک ترتیل و تجوید کے ساتھ پڑھنے کا بھی شوق پیدا ہو گیا تھا۔ چنانچہ تکمیل حفظ کے بعد آپ مسجد شیخاں والی عبد الحکیم ضلع خانیوال روانہ ہوئے۔ جہاں آپ نے قاری تاج محمد صاحب سے علم تجوید و قرأت کی مبادی کتب جمال القرآن، فوائد مکیہ وغیرہ پڑھیں۔ اور باقاعدہ قاری صاحب سے مشق بھی کروایا کرتے تھے۔

مادر علم دار العلوم کبیر والا میں روانگی

حفظ قرآن اور علم قراءت و تجوید حاصل کرنے

کے بعد ملا نظام الدینؒ کا ترتیب دیا ہوا درس نظامی کا کورس حاصل کرنے کے لئے کبیروالا ضلع خانیوال کی مشہور دینی، علمی اور روحانی تربیت گاہ، دارالعلوم میں پہنچے جہاں آپ نے پانچ چھ سال کے عرصہ میں صرف، نحو، منطق، معانی، فلسفہ، علم الاخلاق علم بیان- فقہ، حدیث، اور تفسیر کی کتب، جید علماء کرام، سے پڑھیں۔ ان مبارک ہستیوں میں ایک مولانا محمد علی صاحب دوسری مولانا عبدالمجید صاحب تیسری منظورالحق صاحب چوتھی مولانا محمد سرور صاحب، پانچویں مولانا ظہورالحق کی شخصیت قابل ذکر ہے جو علوم دینیہ کے ہر فن میں ید طولیٰ رکھتے ہیں۔

(ہمارے استاذ حضرت شیخ الحدیث مولانا صوفی محمد سرور صاحب مدظلہ العالی شیخ الحدیث جامعہ اشرفیہ لاہور- (سابق استاذ دارالعلوم کبیروالا) نے ایک دن بخاری شریف کے درس کے دوران ضمناً مولانا حق نواز صاحب کا تذکرہ چھیڑ دیا- اس وقت مولانا جھنگوی زندہ تھے۔ حضرت نے فرمایا۔ کہ یہ شخص بحث و مباحثہ میں بڑا تیز تھا- اور بڑا ہی دلیر و جرأت مند تھا)

کئی طلباء کرام اور اساتذہ ان کی محنت، شوق اور تعلیم کے ساتھ لگن اور کتابوں میں ہمہ وقت محویت اور مطالعہ میں ہر وقت، مصروفیت کو دیکھ کر حیران رہ جاتے تھے- اور کبھی کبھی ظریفانہ انداز میں یوں بھی کہہ دیتے کہ حق نواز تو کتابوں کا کیڑا ہے۔

علم مناظرہ کی تعلیم

اسی اثناء میں آپ کوٹ ادو ضلع مظفر گڑھ میں تشریف لے جاتے۔ جہاں مولانا دوست محمد شہیدؒ اور مناظر اہل سنت مولانا عبدالستار تونسوی مدظلہ صدر تنظیم اہل سنت پاکستان مناظرے کے اصول و قواعد اور دشمنوں کے اسلام کے خلاف لگائے گئے الزامات کے جوابات سکھاتے تھے۔ آپ نے بھی کافی حد تک ان بزرگوں سے اکتساب فیض کیا۔ اور پھر انہی بزرگوں کی محنت شاقہ کا ثمر تھا کہ مولانا جھنگوی کراچی سے خیبر اور ساحل مکران سے وادی بلتستان تک دشمن کو للکارتے اور اسے چیلنج کرتے رہے۔

دوران تعلیم مصروفیات

تعلیمی سالوں کے اختتامی عرصہ میں آپ کی مصروفیات مطالعہ کتب بینی کے علاوہ اور بھی بڑھ گئی تھیں اس دوران آپ تقریریں کرنے کا بہت شوق رکھتے تھے۔ جمعہ پڑھانے کے لئے دیہاتوں میں چلے جاتے تھے جہاں قال اللہ وقال الرسول ص کا درس حیات دیتے تھے۔ اور دشمنوں کو مکروہ عزائم سے باز رہنے کی تلقین کرتے تھے۔ اور بپھرے ہوئے شیر کی طرح گرجدار آواز میں انہیں للکارتے تھے۔

خیر المدارس کے سائے میں

۱۹۷۱ء میں آپ دورۂ حدیث شریف کے لیے خیر المدارس ملتان تشریف لے گئے۔ جہاں آپ نے بخاری، مسلم، ترمذی، ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ، موطا امام محمدؒ جیسی ضخیم و عجیب کتب احادیث نبویہ پڑھیں۔ جہاں آپ نے مولانا مفتی شریف صاحب کشمیری، مولانا عبدالستار، اور مولانا محمد صدیق جالندھری سے فیض علم حاصل کیا۔

سیاست میں حصہ

تعلیم سے فراغت کے بعد آپ نے ملک و ملت کی خدمت کے لیے اہل حق کا جمعیت علماء اسلام کے پلیٹ فارم کا انتخاب کیا۔ جہاں رہ کر آپ نے صدر سے بڑھ کر ایک عام خادم بلکہ بحیثیت ایک خادم کے نمایاں خدمات سرانجام دیں اور عرصہ دراز تک ورکر بن کر کام کرتے رہتے تھے۔ انہی خدمات کی بدولت لیکن آپ کو مولانا فضل الرحمان صاحب کی جے یو آئی پنجاب کا امیر بنا دیا گیا تھا لیکن مولانا فضل الرحمان صاحب چونکہ شیعہ کو بھی خوش رکھنے کی کوشش کرتے رہتے تھے۔ اور ان سے بھی بغل گیر ہوتے تھے۔ مولانا جھنگوی ان باتوں کو کب برداشت کر سکتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ آپ امیر منتخب ہو چکے تھے۔ لیکن مولانا فضل الرحمان صاحب نے یہ کہہ کر کہ "مولانا ہماری مجبوری ہے"

ان کی جگہ مولانا امیر حسین گیلانی کو صوبائی امیر بنا دیا۔ جو کہ افسوسناک بات ہے۔

مسند تدریس پر

اسی دوران ۱۹۷۰ء میں آپ کا ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بحیثیت استاد تقرر ہوا۔ ایک سال کا عرصہ آپ نے یہاں کے ایک دینی اور روحانی مدرسہ علم و فکر میں بسر کیا۔ ایک سال کے بعد آپ یہاں سے مستعفی ہو گئے یہ جگہ پسماندگی علاقہ کے باعث بڑی تنگ تھی۔ مولانا جھنگوی جو ۱۹۷۱ء میں مولانا کے لفظ سے بلائے جانے شروع ہوئے ان کی خداداد صلاحیتوں، علمی کاوشوں، اور وسیع خطابت کے لئے یہ جگہ کسی صورت میں ناکافی اور محدود تھی۔

جھنگ میں آمد

[illegible]

متلاشی تھے۔ وہ وسیع میدان حق سبحان نے بڑی برکت سے مہیا کر دیا۔ چنانچہ قرعہ فال بنام جھنگوی نکلا ۱۳ اگست ۱۹۷۳ء بروز جمعرات پپلیانوالی مسجد جھنگ شہر میں آپ تشریف لائے اور آج تک اسی مسجد کی انتظامیہ کے ساتھ [illegible]

امامت و خطابت کا آغاز

مسجد کی انتظامیہ سے بات مکمل ہوئی۔ اس دن آپ کا بطور امام و خطیب کے تقرر ہوا۔ چنانچہ آپ نے وہاں توکل علی اللہ پانچگانہ باجماعت نماز پڑھانا شروع کر دی۔ اور ساتھ ہی جمعہ کا خطبہ بھی دینا شروع کر دیا۔

کام کرنے کا موقع دو، باقی اللہ مالک

تنخواہ کی بات چیت آپ نے نہیں کی جب اس سلسلہ میں کسی صاحب نے بات کی تو فرمایا کہ بھائی بس کام کرنے کا موقع دو۔ باقی جو سمجھ میں آئے دے دینا۔ ورنہ اللہ مالک، چھوڑ کر بھاگوں گا نہیں۔ (حالات وواقعات جھنگوی نمبر ص ۱۲۳)

پہلی گرجدار آواز سنائی دی

مولانا نے اس مسجد میں پہلی تقریر فرمائی۔ جو دلائل و براہین سے پُر تھی۔ جو اہل جھنگ کو پہلی مرتبہ گرجدار آواز میں سنائی دی تھی۔ اہل جھنگ نے بڑی خوشی سے اس آواز کو سنا۔ اور پسندیدگی کا اظہار کیا۔

سپاہ صحابہ کیوں بنائی؟

انجمن سپاہ صحابہ کیوں بنائی گئی؟ یہ ایک سوال ہے۔ اس کا جواب سمجھنے سے قبل آپ ذرا ان واقعات کو دیکھئے۔ کہ ۱۹۶۰ء میں جتوربلیں میں حضرت عمرؓ کا شیعوں نے پتلا جلایا۔ روڈ سلطانہ میں مولانا دوست محمد کو شہید کیا گیا۔ ۱۹۶۶ء میں باب عمرؓ کا ایک دلسوز سانحہ جانکاہ رونما ہوا تھا۔ سات سنی شہید کر دیئے گئے تھے۔ شورکوٹ میں حافظ محمد نواز کو شہید کر دیا گیا تھا جھنگ کی سرزمین پہ شیعہ نے کتیہ کے گلے میں عائشہ لکھ کر ڈال دیا تھا۔

ادھر لاہور کے غلام حسین نجفی شیعی نے سہم مسموم نامی کتاب لکھی جس میں حضرت عمرؓ کو شراب خور خلیفہ لکھا حضرت امی عائشہؓ کو باندی کہا۔ حضرت حفصہؓ کو بدخلق لکھا۔ حضرت عمرؓ کو قرآن کا منکر لکھا۔ حضرت عمرؓ کو جہنم کا تالا تحریر کیا۔ ...
سرگودھا کے محمد حسین ڈھکو شیعی نے سنیوں کے جذبات مشتعل کئے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے ایمان کا انکار کیا۔ ادھر ایران کے خمینی نے رضا شاہ پہلوی کو تختہ دار پہ چڑھا کر سنیوں پہ ہلاکو اور ہٹلر جیسے مظالم کئے۔ حضرت عمرؓ کی توہین کی۔ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کی۔ کشف الاسرار اور حکومت الاسلامیہ میں صحابہ کرام کے خلاف لکھا اور ادھر پاکستان کی دھرتی پہ یہ ظلم کہ پاکستان کی جماعت اسلامی اس خونی شیعی انقلاب جو خمینی نے کئی ہزار سنیوں کے قتل کے بعد بپا کیا تھا۔

کی مداح بن گئی۔ اور میاں محمد طفیل سابق امیر جماعت اسلامی ایران کے دورے کرتے رہے۔ اور سنی شیعہ اتحاد کی کھل کر آواز لگاتے رہے۔ اور انہی کی بغل میں اسعد گیلانی امیر جماعت اسلامی لاہور اس خمینی انقلاب کی بڑھ کر تعریف کرتے رہے۔ اور پاکستان میں اس خونی انقلاب کی راہ ہموار کرنے کے لیے۔ عارف الحسینی کو داد دیتے رہے۔ ان حالات میں مولانا حق نواز جھنگوی نے سنی غیرت کی خاطر اس جماعت کی بنیاد ۱۹۸۵ء میں رکھی۔ جو شروع میں ایک محلہ کی جماعت تھی۔ لیکن دیکھتے ہی دیکھتے ایک عالمی جماعت بن گئی — اگر آپؒ بروقت اس کا فیصلہ نہ فرماتے تو ہو سکتا تھا کہ پاکستان کا شیعہ اور ان کے ایجنٹ جماعت اسلامی کے شیعہ نواز لوگ پاکستان میں بھی اس انقلاب کا راستہ ہموار کر کے اس خونی شیعی انقلاب کی بنیاد رکھ دیتے۔ جو پوری دنیائے سنیت کے لئے باعث شرم و حیا ہوتا۔

سپاہ صحابہ کی مقبولیت کہاں سے ہوئی

انجمن سپاہ صحابہ کے آغاز ہی میں جھنگ کے اندر دفاع صحابہ کانفرنس بلائی جس میں علماء کرام نے اس مشن کی طرف توجہ دلائی ہے اور اس کانفرنس کا اہم ترین مقصد مولانا ضیاء الرحمان فاروقی صاحب کی رہائی کا مطالبہ بھی تھا۔ جو اس دوران جیل میں قید و بند کی صعوبتیں کاٹ رہے تھے۔ یہ ۲ر فروری ۱۹۸۵ء کا واقعہ ہے۔ چنانچہ اس کانفرنس میں مطالبہ کیا گیا کہ مولانا کو رات تک رہا نہ کیا گیا تو حکومت ذمہ دار ہوگی۔ یہ اعلان سنتے ہی

مولانا فاروقی کو رہا کر دیا گیا۔ چنانچہ سب سے آخری تقریر رہائی، کے بعد اس کانفرنس میں ان کی ہوئی۔

مصائب و آلام کے طوفان

یوں اگر مصائب و آلام کا ذکر کیا جائے تو معلوم ہوگا اس سرزمین پہ کون سا دکھ ہوگا، کون سی مصیبت ہوگی، کون سی تکلیف ہوگی جو اس مرد درویش کو نہیں دی گئی۔ جب سے اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح سرائی شروع کی اسی دن سے مصائب و آلام کے سیاہ بادل آپ کے سر پہ منڈلانے لگے، گالی گلوچ سے لے کر گرفتاری تک، گرفتاری سے لے کر نظر بندی تک کتنی مصیبتوں سے دوچار ہونا پڑا۔ ان کا اندازہ مشکل ہے۔

جھنگ میں عام گرفتاریاں

سپاہ صحابہ بننے سے پہلے آپ کو مدح صحابہ رض بیان کرنے اور دشمنان صحابہؓ پہ یلغار کے جرم کی پاداش میں کئی مرتبہ گرفتار کیا گیا آپ کو پریشان کیا گیا۔ آپ کو مارا گیا۔ لیکن جب آپ سے اس مار دھاڑ کی بابت دریافت کیا جاتا کہ کتنی مار پڑتی ہے؟ تو فرماتے کہ بلال حبشی سے کم ہی پڑی ہے سمیہ سے کم ہی پڑی ہے۔ حضرت یاسر سے کم ہی پڑی ہے۔ زنیرہ سے کم ہی پڑی ہے۔

لیہ کا قیامت خیز منظر

۱۲ / جون ۱۹۸۶ء کا سانحہ لیہ مولانا حق نواز مرحوم کی زندگی کا عجیب و غریب واقعہ تھا۔ جب مرحوم نے وہاں کی ایک دینی درسگاہ کے سالانہ جلسہ کے موقعہ پر اپنے غیرت میں ڈوبے ہوئے خطاب سے سنی قوم کو محظوظ فرمایا۔ وہاں کی بے حس و بے غیرت انتظامیہ اس جرأت ایمانی کو برداشت نہ کر سکی، رات کی تاریکی میں اہل سنت کے گھروں پہ خواہ مخواہ چھاپے مار کر سنیوں کو پریشان کرتی رہی۔ جھوٹے مقدمے بنانی رہی وہاں کے کئی علماء کو گرفتار کر لیا۔ اور مولانا مرحوم کو بھی گرفتار کر کے ملتان جیل میں نظر بند کر دیا۔

سپاہ صحابہ کی مرکزی کمان کا الٹی میٹم

سپاہ صحابہؓ کی مرکزی کمان نے لیہ انتظامیہ کو ایک ہفتے کا الٹی میٹم دے دیا کہ اگر ایک ہفتہ کے اندر اندر مولانا کو رہا نہ کیا گیا تو حالات کی سنگینی کی تمام تر ذمہ دار انتظامیہ ہو گی۔ سپاہ صحابہؓ جوابدہ نہ ہو گی۔

عظیم الشان جلوس بسوئے لیہ

۱۹ / جون ۱۹۸۶ء کو انجمن کی اپیل پہ ایک بہت بڑا

طوفانی جلوس مولانا ضیاء الرحمان فاروقی کی قیادت میں لیہ کی سمت چل دیا۔ جو اپنے مطالبات کے نعرے لگا رہا تھا۔ اور اپنی قوت بازو اور غیرت ایمانی کا پرجوش مظاہرہ کرتے کرتے لیہ کی انتظامی حدود کے قریب جا پہنچا۔

جلوس روک دیا گیا، کمشنر اغوا کر لیا گیا

ابھی یہ جلوس لیہ کی اس سرزمین پہ پہنچ ہی نہ سکا تھا جہاں جانے کا عازم تھا کہ جلوس کو انتظامیہ نے چوبارہ میں روک دیا — عوام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر مشتعل ہو گیا — اور ایک عجیب صورت اختیار کر گیا — اس مشتعل ہجوم کے بعض جیالوں نے اسسٹنٹ کمشنر چوبارہ کو یرغمال بنا کر اغواء کر لیا۔ اس وقت انتظامیہ لیہ کو اپنی بے وقوفی اور سفاہت اور حالات کی دگرگوں نزاکت کا شدت سے احساس پیدا ہوا۔ اور فوراً مولانا مرحوم کی رہائی کا وعدہ کر دیا۔

شیعہ نے ۳ مسلمانوں کو گولیاں مار کر شہید کر دیا

چوبارہ سے سپاہ صحابہ کا یہ ریلہ فاتح بن کر پر امن طریقہ سے جھنگ کی طرف واپس لوٹ کر آ رہا تھا۔ کہ شیعہ اور پولیس نے ملکر اہل حق کے اس قافلے کو گھیرے میں لے لیا۔ اور اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی — جس کے نتیجے میں ۳ سورمے جام شہادت نوش کر کے اپنی جانیں جان آفریں کے سپرد

کر بیٹھے۔

مولانا جھنگوی کو رہا کر دیا گیا

۲۷ اگست ۱۹۸۷ء کو دو ڈھائی ماہ کے بعد آپ کو ملتان جیل سے رہا کیا گیا۔ دو ڈھائی ماہ بے سرو سامانی کے عالم میں جیل کی کالی کوٹھڑی میں نظر بند رہے۔ ملاقات تک نہ کرنے دی جاتی تھی۔ حکومت نے اس دوران مارشل لاء کی دفعات لگائیں۔ آپ کو زدوکوب کیا گیا۔ گھسیٹا گیا۔ آپ کو بھوک و پیاس میں رکھا گیا۔ پانی تک نہ پینے دیا گیا۔ کھانا پینا بند کر دیا گیا۔ اگر کچھ کھانے کو ملتا تو گندی دال کھانے کے لیئے دی گئی۔ (تقریر جھنگ)

آپکا بازو توڑ دیا گیا، تشدد کی انتہا

جس دن ملتان جیل سے رہائی ہوئی۔ راستے میں ہزاروں انسانوں نے اپنے محبوب قائد کو خوش آمدید کہا چند گھنٹوں کا سفر پورے دن میں طے کر کے یہ عظیم قافلہ رات ۸ بجے ۲۷ اگست ۱۹۸۷ء کو جھنگ پہنچا۔ دوسرے دن جمعہ مولانا نے اپنی مسجد میں پڑھایا۔ اور انسانوں کی بے پناہ تعداد اس دن تقریر سننے کے لیئے دور دراز علاقوں سے وہاں جمع ہو گئی تھی۔ دور دور تک صفیں بچھا دی گئی تھیں۔ اتنے میں ایک شیعہ نے گولی چلا کر دو سُنیوں کو شہید کر دیا اور وہ سنی بریلوی مسلک سے

منسلک تھے۔ شیعہ نے مکاری یہ کی کہ ان کو آپس میں لڑا کر سپاہ صحابہ والوں پہ مقدمہ قتل چلایا جائے۔ چنانچہ وہ بدبخت اس سازش میں کامیاب ہو گئے۔ مولانا تقریر کر کے گھر چلے گئے۔ رات کو اپنے دولت خانے پہ آرام فرما رہے تھے۔ کہ کارپردازان سرکار نے دروازے پہ دستک دی۔ مولانا ایک بنیان اور ایک دھوتی پہنے ہوئے دروازے پر آئے۔

اور یوں بھی سنا ہے کہ آپ کے گھر کا دروازہ توڑ کر پولیس والے اندر گھس گئے۔ وہاں آپ کو بیوی کے سامنے مارا، گھسیٹا۔ زخمی کیا۔ اور تشدد کیا۔ اور اسی حالت میں مارتے مارتے گاڑی میں پھینک دیا۔ اور اسی تاریک رات میں آپ کو میانوالی کی کالی جیل میں پہنچا دیا۔ اتنا تشدد اتنا ظلم اتنی بربریت کی گئی کہ ہلاکو اور ہٹلر بھی اس ظلم سے کانوں کو ہاتھ لگانے۔ اتنا ظلم کیا کہ مولانا کا بازو توڑ دیا گیا تھا۔ واللہ اعلم اس وقت ہم جہلم جامعہ حنفیہ تعلیم الاسلام میں زیرِ تعلیم تھے۔

قاتلانہ حملہ میں بال بال بچ گئے

اکتوبر ۱۹۹۰ء میں مولانا مرحوم پر شیعوں نے ایک ناکام قاتلانہ حملہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس سے مولانا کو بال بال بچا لیا تھا اور اس طرح کے کئی قاتلانہ حملے اللہ نے ناکام بنا دیئے۔

مولانا حق نواز مرحوم شیعہ کے کفریات کو ببانگ دہل بیان کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں آپ کسی مصلحت اور کسی پالیسی

کو قبول نہ کرتے تھے۔ اور کہا کرتے تھے کہ مصلحت کا لفظ میری ڈائری سے حذف ہو چکا ہے۔ مصلحت میرے نزدیک منافقت ہے مولانا فضل الرحمان صاحب سے بھی وہ اسی وجہ سے نالاں تھے۔

مولانا فضل الرحمن اور عارف الحسینی

جس دن مولانا فضل الرحمان صاحب اور عارف الحسین کی تصویر اخبارات میں چھپی کہ دونوں ایک دوسرے سے بغلگیر ہو رہے ہیں اسی دن سے مولانا مرحوم فضل الرحمان صاحب کے اس فعل سے شرمسار اور پشیمان ہونے شروع ہو گئے تھے۔ اور کئی جلسوں میں زور دار انداز میں ان پر تنقید کی۔ اور فرمایا کہ میں نے سنیت کی خاطر مار کھائی ہے اور تم ان شیعوں سے گلے ملتے ہو۔ میں انہیں کافر کہتا ہوں تم مجھے فرقہ داریت کا طعنہ دیتے ہو۔

بے نظیر کی وزارت پر ردِ عمل

بے نظیر بھٹو نے جس دن وزارت عظمیٰ کا حلف اٹھایا مولانا مرحوم پہلے سے کہیں زیادہ پشیمان ہوئے۔ اور فرمایا کہ بے نظیر صرف عورت ہی نہیں بلکہ یہ ایرانی الذہن شیعہ ہے۔ بے نظیر کا فرہ ہے۔ چنانچہ اس کے خلاف متحدہ علمار کونسل کے اسٹیج سے جہاد کیا۔

Scanned with CamScanner

مجھے ملک بدر کر دیا جائے

مولانا فرمایا کرتے تھے۔ کہ حکومت مجھے ایک سال کے لیے ہر گلی ہر بازار، ہر چوک میں، اور ہر جیتے پہ شیعہ کے کفر کو ننگا کرنے کی کھلی اجازت دے دے تو ایک سال کے بعد انشا بات کرنے کوئی شیعہ بھی سنی کا ووٹ لے کر اسمبلی میں نہیں جائے گا۔ یا شیعہ ملک چھوڑ کر بھاگ جائے گا یا پھر مجھے ملک بدر کر دیا جائے۔

تمہارے سروں پہ جوتے مروا کر صحابہؓ کی عظمت منواؤں گا

ایک مرتبہ تقریر کے دوران فرمایا۔ کہ او شیعو اگر میں زندہ رہا تو تمہارے سروں پہ جوتے مروا کر صحابہ کی عظمت کو تسلیم کرواؤں گا۔

قومی اسمبلی میں شیعہ کو کافر قرار دیا جائے گا

فرمایا — کہ میں رہوں یا نہ رہوں لیکن میں پوری دیانت داری سے کہتا ہوں کہ میری آواز ایک بار قومی اسمبلی میں ضرور جائے گی۔ اور ایک نہ ایک دن آئے گا کہ شیعہ کو قانون ساز اسمبلی میں کافر قرار دیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner

طاہر القادری ضد چھوڑ

ایک تقریر میں فرمایا۔ کہ یہ ٹاؤٹ ملاں عائشہؓ کے دشمن کے ساتھ اتحاد کرتا ہے۔ ابوبکرؓ کے دشمنوں کو ساتھ ملاتا ہے عمرؓ کے دشمن کے ساتھ اتحاد کرتا ہے او ٹاؤٹ ملاں ضد چھوڑ دنیا بھی بن جائے گی عاقبت بھی سنور جائے گی۔

شیعہ بوکھلا گئے

مولانا مرحوم کی شجاعت و بہادری، غیرت و حمیت کو دیکھ کر پوری دنیا تشیع بوکھلا گئی۔ وہ دلائل کا جواب دینے کی بجائے نازیبا حرکتیں کرنے لگی، طعن و تشنیع کی راستہ اختیار کرتی چلی گئی۔ اور سپاہ صحابہ پر پابندی کے مطالبات کرنے لگی۔ مطالبہ کے لیے ہفت روزہ رضا کار، الاسد اور شیعہ

شیعت کی بوکھلاہٹ

مولانا حق نواز مرحوم کی دھواں دھار، تیر سے تیز، بجلی کی مانند کڑاکے دار، مدلّل اور مسکت تقاریر پاکستان کے بڑے بڑے چوکوں میں جب ہونا شروع ہوئیں اور مولانا مرحوم نے اپنے مخصوص انداز میں شیعیت کے کفر کو عالم آشکارا کرنے کی سعی شروع فرمائی تو سُنی ذہن و دماغ جو اہل بدعت کی سیہ کاریوں کی بنا پر کلیتہً نہیں لیکن نیم ماؤف ہو چکے تھے انہیں اک جلا ملی۔ اور سُنیت جو ایک عرصے سے امام اہل سنت کی جدوجہد کو فراموش کر چکی تھی مجدد الف ثانی کی محنت، شاہ ولی اللہ کی سعی مسلسل، اور شاہ عبد العزیز کی فکر کو فراموش کرتی چلی جا رہی تھی۔ اور اس سے بڑھ کر سُنیت آسودۂ خواب ہو چکی تھی۔ آپ نے انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کر کے دشمنانِ اصحابِ رسول کے لئے موت کا پیغام بنا دیا۔ آپ نے جب درد بھری داستانیں، اغیار کی مکاریاں، اور ان کے دینی سچ جملوں کی سازشیں آشکارا کیں تو دشمن پر ہذیانی کیفیت طاری ہو گئی اور وہ بجائے دلائل سے بات سننے اور اس کا جواب دینے کے مولانا کو لعن و تشنیع کرنے لگے اور اپنی

> اللہ اور رسول کے [illegible]

اور [illegible] یوں لکھنے لگے ہفت روزہ [illegible] کے شمارے میں تو [illegible] کی گئی ہے [illegible] حق نواز جھنگوی [illegible] تحریک [illegible] پاکستان [illegible] ۱۸ دسمبر ۱۹۸۹ ہفت روزہ [illegible] لاہور

اور انہی ہفت روزے کے اندر یوں بھی لکھا گیا ہے وہ حق نواز جھنگوی کو کھلا چیلنج "

"ہم ایک عرصے سے آپ کی ہفوات سن رہے ہیں، خیال تھا کہ آپ شاید سنبھل جائیں مگر دن بدن شتر بے مہار کی طرح اپنی مذموم

روش میں تیزی ہی اختیار کیے جا رہے ہیں۔ ہماری خاموشی محض وطنِ عزیز اور ملتِ اسلامیہ کے وسیع تر مفاد کے پیشِ نظر رہی جس سے آپ ناجائز فائدہ اٹھاتے رہے اور کافر کافر شیعہ کافر کی اسلام سوز نعرہ بازی سے اپنی دکان چمکاتے رہے۔ آپ کے مبلغ علم سے بھی ہم خوب واقف ہیں کہ آپ اپنے مسلمات سے قطعاً نابلد ہیں لہٰذا آپ کی اس حقیقت کو عریاں کرنے کے لیے اب ہم مجبور ہیں اور آپ کو چیلنج کرتے ہیں کہ اصولِ مناظرہ کے تحت شرائط طے کر کے میدان میں آئیے۔ موضوع ایمان اور اسلام ہوگا۔ پھر دنیا دیکھ لے گی کہ تمہارا ایمان و اسلام ثابت ہوگا یا شیعہ کا (سید بشیر حسین بخاری الشیعی صدر مرکزِ تحقیقاتِ اسلامیہ بلاک نمبر ۲ سرگودھا)

(ہفت روزہ اسد لاہور ۱۸ رجب ۱۹۸۶ء)

شیعت چونک گئی

شیعہ کے بے لگام مولویوں، بدزبان لیڈروں اور یاوہ گو ذاکروں نے مزید جو کچھ لکھا وہ یہ ہے۔

"تحریک نفاذِ فقہ جعفریہ پاکستان ضلع خوشاب کے جنرل سیکرٹری ممتاز حسین بھٹی اور ضلعی سیکرٹری نشر و اشاعت ملک غلام عباس نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ہم مسلمانوں کے درمیان نفرت پیدا کرنے والے اسلام دشمن عناصر کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ ہم بخوبی آگاہ ہیں کہ کچھ عرصہ سے ایک منظم سازش سے پورے ملک میں چند مفاد پرست نام نہاد مولوی ملتِ اسلامیہ کے درمیان تفرقہ کی فضا پیدا کرنے میں مصروف ہیں۔ اپنی تقاریر میں غلیظ زبان استعمال کرتے ہوئے کبھی کافر کافر سنی کافر اور کبھی کافر کافر شیعہ کافر کے نعرے لگا کر حقیقی مسلمانوں کے جذبات مجروح کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں کو کافر کہنے والے خود تو کافر ہو سکتے ہیں مگر اسلام کے ٹھیکیدار نہیں بن سکتے۔ انہوں نے گڑھ مہاراجہ ضلع جھنگ میں ایک شرپسند

مولوی کی تقریر کی پُر زور مذمت کی اور حکومتِ پنجاب کو اس واقعہ کا ذمہ دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب کی حکومت مسلمانوں کو آپس میں دست و گریبان کرنے کے لئے اپنے نام نہاد مولویوں کی سرپرستی کر رہی ہے۔ ہم حکومتِ پنجاب کو متنبہ کرتے ہیں کہ وہ ایسی ملک دشمن حرکات سے باز رہے ورنہ اس اختلاف کی آگ میں خود بھی جلے گی۔

(ہفت روزہ اسد لاہور ۲ تا ۱۰ فروری ۱۹۹۰)

شیعت کا ہذیان

ہفت روزہ شیعہ لاہور کا ایڈیٹر ایک "نیا ڈرامہ" کے زیر عنوان یوں جھوٹ لکھتا ہے:-

"حکومتِ پنجاب کی توجہ کافی عرصہ سے اس امر کی طرف منعطف کرائی جاتی رہی کہ انتظامیہ مولوی حق نواز جھنگوی پر نظر رکھے جو ملک میں فرقہ وارانہ فسادات کے لئے اپنی زندگی وقف کر چکا ہے۔ بعض لوگوں کو فسادات کرانے کے فن میں ید طولیٰ حاصل ہوتا ہے۔ آج کل اس میدان میں مولوی جھنگوی دندناتے پھر رہے ہیں۔ گزشتہ دنوں راولپنڈی کے بنی چوک میں حاجی پرویز خان قائم مقام میئر کارپوریشن کی زیر صدارت ایک جلسہ منعقد کر کے مولوی جھنگوی صاحب نے شیعوں کو خوب گالیاں دیں۔ اور بزرگانِ دین کی کردار کشی کی جس کا ریکارڈ انتظامیہ کے پاس ہوگا لیکن شیعہ تو نہ کبھی اشتعال میں آتے ہیں نہ قاتلوں اور مفسدوں میں شامل ہونا پسند کرتے ہیں۔ امیر شام کے دورِ تبرا سے آج تک وہ اسی مسلک پر قائم ہیں۔ اب ایک ایسے موقع پر جب کہ عدمِ اعتماد کی تحریک کی وجہ سے ملک میں غیر یقینی صورتِ حال ہے، موقعہ کو غنیمت سمجھ کر مولوی جھنگوی نے کار پر قاتلانہ حملے کا ڈرامہ رچایا ہے اور اپنی رپٹ میں ایسے لوگوں کو ملوث کرنے کی جسارت کی ہے جو قاتلوں کے نہیں بلکہ مقتولوں اور مظلوموں

کے ساتھی اور حامی ہیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ پلان کسی اعلیٰ سطح پر تیار کیا گیا ہے۔" (ہفت روزہ شیعہ لاہور)

شیعت نے گھٹنے ٹیک دیئے

مولانا مرحوم ومغفور نے شیعت کے بوسیدہ محلات کی دیواریں جوں جوں گرانے کی سکیم تیار فرمائی اور جوں جوں اپنی جانباز فورس کو اس سلسلہ میں متوجہ کرتے گئے توں توں شیعت پاکستان کی سرزمین پر ذلیل ہوتی چلی گئی۔ جب مولانا کے طوفانی ریلے کے مقابلے سے شیعت عاجز اور بے بس ہو گئی تو پھر اپنے جلسوں میں اور نجی طور پر مولانا کے پروگرام پر پابندی اور قدغن لگانے کے مطالبات شروع کر دیئے۔ چنانچہ ہفت روزہ اسد لاہور کی عبارت درج ذیل ہے۔

"فسادی ملّاں حق نواز جھنگوی کی فرقہ وارانہ تنظیم انجمن سپاہ صحابہؓ پر پابندی عائد کی جائے اور اس تنظیم کے سرپرست ملّاں حق نواز جھنگوی کو فوراً گرفتار کر کے اس کے منہ میں لگام دی جائے اس لئے کہ وہ اس تنظیم کے ذریعے توہین صحابہؓ کا سبب بن رہا ہے اور ملک میں غنڈہ گردی، بدامنی اور فرقہ واریت پھیلا رہا ہے جو کہ پاکستان میں جمہوریت اور ملکی سالمیت کے خلاف ایک گہری سازش ہے۔ (ہفت روزہ اسد لاہور ۹ جنوری ۱۹۹۱ء)

جنرل ضیاءالحق نے درگزر کر دیا

ہفت روزہ شیعہ رسالہ لاہور میں یہ بیان موجود ہے:۔

"جھنگ کے ایک فسادی مولوی حق نواز جھنگوی جن کے خلاف قتل اور اقدامِ قتل سمیت دیگر سنگین جرائم میں ملوث ہونے پر ایک درجن سے زائد مقدمات درج ہیں، نے گزشتہ دنوں شیخوپورہ میں ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ۱۹ ر نکاتی

اشتراکِ عمل اور" دس نکاتی "اعلامیہ وحدت" ان کے خیال میں مسلمانوں کے خلاف سازش ہے۔ یاد رہے کہ مولوی جھنگوی اب تک ۵ سے زائد شیعہ اور سُنّی مسلمانوں کو اپنے نام نہاد مشن کی بھینٹ چڑھا چکے ہیں اور سابقہ دور میں جنرل ضیاء کے حکم پر اس وقت کے ڈویژنل کمشنر فیصل آباد نے جھنگ کی ضلعی انتظامیہ کو ان کی سرگرمیوں پہ درگزر سے کام لینے کا حکم دیا تھا"

(ہفت روزہ رضا کار لاہور ۲۴ تا ۳۱ جنوری ۱۹۹۰ء)

سپاہ صحابہؓ پر پابندی کا مطالبہ

منتظر شیعہ آرگنائزیشن بھکر کا درج ذیل بیان بھی شیعت کی بوکھلاہٹ کی واضح اور بیّن دلیل ہے، ہفت روزہ شیعہ لاہور یکم فروری ۱۹۹۰ء کے شمارہ میں یہ عنوان ہے۔ "عظمتِ اہل بیت کے منکروں سے جہاد کیا جائے گا"

لکھا ہے کہ

"منتظر شیعہ آرگنائزیشن بھکر کے صدر صابر حسین حیدری نے ملک میں بڑھتی ہوئی فرقہ وارانہ کشیدگی کی سخت مذمت کی ہے اور کانگریسی ایجنٹوں حق نواز جھنگوی اور منظور چنیوٹی کی ملت جعفریہ کے خلاف بے بنیاد الزامات کی سخت مذمت کی ہے۔ صابر حسین حیدری نے کہا کہ یہ درباری ملاں پاکستان کے امن و امان کو تباہ کرنا چاہتے ہیں اور غیر ملکی آقاؤں کے اشارے پر شیعہ سُنّی بھائیوں کو لڑانا چاہتے ہیں M.S.O کے جیالے نوجوان نجدی ملاؤں کی اسلام دشمن حرکتوں کے خلاف جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ فرقہ وارانہ تنظیم سپاہ صحابہؓ پر پابندی عائد کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم

محمدؐ اور آلِ محمدؐ کے غلام ہیں، ہماری ناصبیت کے خلاف جدوجہد جاری رہے گی۔ انہوں نے ملّت جعفریہ پر زور دیا کہ وہ قائد ملّت جعفریہ آقائے موسوی کی قیادت میں شیعہ حقوق کے حصول کے لئے متحد ہو جائیں۔ انہوں نے کہا جو بھی یا علی مدد اور عظمت اہلِ بیت کا منکر ہوگا ہمارا اس کے خلاف جہاد جاری رہے گا۔"
(ہفت روزہ شیعہ لاہور یکم فروری ۱۹۹۰ء)

درج بالا شیعہ رسائل کے حوالہ جات ہم نے پیرِ طریقت، رہبرِ شریعت، یادگارِ اسلاف، نشانی حضرت شیخ العرب و عجم سید حسین احمد مدنی حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب دامت فیوضہم کی کتاب مذہب اہل السنت و الجماعت اور مولانا حق نواز کی شہادت" اور رسالہ حق چار یارؓ مارچ اپریل ۱۹۹۰ء سے لئے ہیں، اصل مراجع کے لئے "تحریک خدام اہل السنت پاکستان" کی کسی ذیلی شاخ سے یہ رسالہ اور کتاب طلب کی جا سکتی ہے۔

حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب امیر تحریک خدام اہل سنت پاکستان "مولانا حق نواز جھنگوی کی شہادت" کے ص ۲۴ پر رقم طراز ہیں کہ اہل تشیع کے مذہبی جرائد و اخبارات بھی مولانا جھنگوی مرحوم کے خلاف اشتعال انگیز بیانات دیتے رہے ہیں چنانچہ (۱) ہفت روزہ اسد لاہور نے بعنوان "حق نواز جھنگوی کی فتنہ انگیزی" ایک مستقل اداریہ لکھا ہے جس کے اقتباسات حسب ذیل ہیں (ا) حق نواز جھنگوی کا تعلق اسی گروہ سے ہے جس نے آج تک پاکستان کے وجود کو صدقِ دل سے تسلیم نہیں کیا۔ کیونکہ اس گروہ نے قیام پاکستان کے وقت اس کی کھل کر مخالفت کی تھی۔ (ب) علامہ حق نواز جھنگوی نے ایک تخریب کار جماعت "سپاہ صحابہؓ" کی بنیاد رکھی جس کا واحد مقصد یہ ہے کہ پاکستان میں فرقہ واریت کو ہوا دی جائے تاکہ اس ملک میں خانہ جنگی کی صورت پیدا کی جائے اور ملک کے حصے بخرے ہو جائیں (ج) ہم حق نواز جھنگوی اور ان کے فسادی گروہ

کو انتباہ کرتے ہیں کہ وہ تخریب کاری سے باز آ جائیں ورنہ پاکستان کے عوام انہیں واپس اُن کے آقاؤں کے پاس دھکیل دیں گے۔ (ہفت روزہ اسد لاہور ۱۸ دسمبر ۱۹۸۹ء بحوالہ (حق نواز جھنگوی کی شہادت مؤلفہ مولانا قاضی مظہر حسین صاحب چکوال)

کافر کافر شیعہ کافر کیوں کہا؟

مشہور شیعہ مجتہد بقول حضرت قاضی صاحب مدظلہ، ہاتمی مجتہد

محمد حسین ڈھکو آف سرگودھا نے یکم جون ۱۹۹۰ء مہاجرین امام باڑہ چکوال میں تقریر کی۔ اس کی تقریر کیا تھی بس جھوٹ، مکذوبات، افترآئت کا پلندہ ہے اور چوں چوں کا مربہ۔ اس تقریر کے اندر اُس نے کہا کہ آج مسلمانوں کو کافر بنانا ہمارا محبوب مشغلہ بن گیا ہے۔ بات بات پہ کافر، ہر چیز پہ کافر۔ نہ کوئی اصولی اختلاف نہ فروعی اختلاف۔ کسی بات پر ذرا جھگڑا ہو جاتے تو کفر سے نیچے ہمارے پاس کوئی فتویٰ نہیں ہے اگرچہ مولوی صاحبان کے کفر کے فتووں سے کوئی بھی دنیا کا مسلمان نہیں بچتا، یقیناً سب سے بڑھ کر آج اس فتوے کا نشانہ ہماری قوم اور ملت مسلمہ جعفریہ کو بنایا گیا ہے۔ دیوارں پہ دیکھ لو تو یہی نظر آئے گا کہ کافر کافر شیعہ کافر، میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ ذرا یہ تو بتاؤ کہ ہم پر یہ لگرانے کا سبب کیا ہے، یہ کافر کافر کی رٹ لگانے کا باعث کیا ہے؟ الخ بحوالہ ماہنامہ حق چار یارؓ صفحہ ۱۲ سے لے کر صفحہ ۵۵ تک محمد حسین ڈھکو کی خرافات اور ان کا جواب دیا گیا ہے یہ مفصل مضمون اہل قبلہ کون؟ کے عنوان سے حضرت قاضی صاحب مدظلہ نے رقم فرمایا ہے۔ (ماہنامہ حق چار یارؓ جون جولائی ۱۹۹۰ء ج ۲)

یہ نعرہ ردِ عمل ہے شیعہ کے کفریات کا

قائد اہل سنت حضرت مولانا قاضی مظہر حسین صاحب

امیر تحریک خدام اہل سنت پاکستان، جو اپنی ٹھوس اور مثبت پالیسی اور حکمت عملی کے مطابق ردِ شیعیت اور مدحِ اصحاب رسولؐ پر کام کر رہے ہیں۔ محمد حسین ڈھکو کی تردید اور مولانا حق نواز جھنگوی مرحوم کی تائید میں اسی ماہنامہ

کے مضمون اہل قبلہ کون؟ میں تحریر فرماتے ہیں کہ

"مولانا حق نواز صاحب جھنگوی شہید مرحوم جب شیعہ مذہب کی جدید و قدیم عبارتوں سے مطلع ہوئے تو انہوں نے حقیقی صحابہؓ اور خلفائے راشدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے دفاع میں انجمن سپاہ صحابہؓ کے نام سے ایک تنظیم قائم کی اور اپنی تقریروں میں انہوں نے اہل السنت والجماعت کے سامنے شیعہ مصنفین کی تکفیری عبارتیں پیش کیں اور اس کے ردِ عمل میں انہوں نے تکفیر شیعہ کا عنوان قائم کیا۔ (ماہنامہ حق چار یارؓ جون جولائی ۱۹۹۰ء) صد ۳۹ بعنوان مولانا حق نواز شہیدؒ)

مولانا جھنگوی کی بیوہ کو دھمکیاں

جھنگ ۵ مارچ۔ انجمن سپاہ صحابہ کے سرپرست اعلیٰ مولانا حق نواز جھنگوی کی بیوہ کو ٹیلی فون پر قتل کی دھمکیاں مل رہی ہیں، جس سے وہ مزید خوفزدہ ہوگئی ہیں۔ مولانا کی بیوہ نے نمائندہ "مشرق" کو بتایا کہ انہیں مختلف ٹیلی فون موصول ہوئے ہیں جن میں فون کرنے والے نامعلوم افراد نے فحش گفتگو کی اور بعد میں انہوں نے کہا کہ مولانا حق نواز کے بعد اب تمہارے بڑے بیٹے اظہار الحق کی باری ہے۔ تیار ہو جاؤ۔ ہم تمہارے خاندان کو ختم کر دیں گے۔ انہوں نے یہ تمام باتیں انجمن سپاہ صحابہؓ کے دفتر میں فوری طور پر فون کر کے بتا دیں۔ انہیں کچھ علم نہیں کہ مقامی انتظامیہ نے اس سلسلے میں کیا کارروائی کی ہے (روزنامہ مشرق لاہور ۶ مارچ ۱۹۹۰ء بحوالہ ماہنامہ حق چار یارؓ صد ۵)

یہ مذہبی دشمنوں کی کارروائی ہے

حضرت اقدس قاضی صاحب فرماتے ہیں:۔

"بیوہ محترمہ کو یہ دھمکیاں بھارت کی تنظیم "را" کے تخریب کاروں کی طرف سے ہیں یا شہر جھنگ سے ہی

مخالفین یہ دھمکیاں دے رہے ہیں۔ غیر ملکی تخریب کاروں کو ان کی بیوہ کو دھمکیاں دینے سے کیا مطلب؟ یہ مرحوم کے مذہبی دشمنوں کی کارروائی ہے۔" (ماہنامہ حق چار یار ماہِ مارچ اپریل ۱۹۹۰ء)

علماء کرام کو دھمکیاں

حضرت قاضی صاحب فرماتے ہیں کہ وہ سُنّی علماء کو بھی دھمکیاں دی جارہی ہیں۔ چنانچہ ایک سُنّی مولانا کے نام جو خط آیا ہے۔ اس کے اقتباسات درج ذیل ہیں:۔

۱:۔ آپ سنائیں آپ کا کیا حال ہے اور تمہارے جھنگوی کا کیا حال ہے۔ آپ اپنی حرکات سے باز آجائیں ورنہ تمہارا حال بھی احسان اللہ فاروقی، علامہ ظہیر اور جھنگوی سے زیادہ بھیانک اور عبرت ناک ہوگا۔ پہلا ہمارا مشورہ یہ ہے کہ ہمارا دین جو سچا ہے اور حق پر ہے قبول کر کے اس کے مبلّغ بن جاؤ۔

۲:۔ آخری مشورہ یہ ہے کہ اگر تمام مشوروں سے کوئی بھی ماننے کے لئے تیار نہیں ہو تو پھر اپنے انجام کے لئے تیار ہو جاؤ۔ تم اپنے بڑے آمر کا حشر دیکھ چکے ہو، ساتھ اپنے چھ جرنیلوں اور ساتھیوں کا بھی بیڑہ غرق کرایا۔ یہ شخص بھی ہمارے خلیفہ حسینی کو شہید کر کے ملک میں فقہ حنفی نافذ کرنے والا تھا۔ پھر اس کا اپنے تیس ساتھیوں سمیت جو حشر کیا گیا وہ تمہارے سامنے ہے۔

۳:۔ تم زیادہ ہو لیکن تمہارے اوپر ہم غالب ہیں کیونکہ زیادہ پر حکومت ہماری ہے۔ صدر امام خمینی کو ماننے والا ہے۔ کوئی کسی ملک سے صدر امام کے جنازے پر نہیں گیا لیکن صرف ہمارا صدر گیا ہے کیونکہ یہ ہمارے سچے مذہب کا پیروکار ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ چیف آف دی آرمی سٹاف ہمارے مذہب کے پیروکار اور تمام اعلیٰ عہدوں پر افسران ہمارے مذہب کے بیٹھے ہوئے ہیں۔

۴۔ اور وہ وقت آنے والا ہے کہ تمہاری اس مسجد میں مجلس عزا ہوگی۔ امام حسین پر درود پڑھا کریں گے۔ اس لئے پروفیسر ساجد میر کی طرح تم بھی ہماری بات مان لو۔ ورنہ ہمارا پانچواں منصوبہ تیار ہے۔ رمضان کے روزے تمہیں نصیب نہیں ہونے دیں گے۔ اگر تم لوگوں نے جلوس بند نہ کئے تو ۲۳ مارچ سے پہلے پہلے ان کا یا کچھ کا تمہارے سمیت حشر جھنگوی سے بھی خطرناک ہوگا۔

(من جانب غلام و خادمین موسوی ونقوی)

موت وحیات اللہ کے اختیار میں ہے

حضرت اقدس قاضی صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ موت و حیات تو قادرِ مطلق کے قبضہ میں ہے لیکن یہ دھمکیاں تو سنی علما کو ان کے مذہبی دشمنوں کی طرف سے ہی دی جارہی ہیں، بیرونی بھارتی تخریب کاری کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ بہرحال سنی علمائے کرام کو اپنے مقصد کی طرف مضبوطی سے گامزن رہنا چاہیئے۔ (مولانا حق نواز جھنگوی کی شہادت ص۲۹)

شیعت کی کارستانیاں

آپ نے شیعہ کے لیڈروں، ذاکروں، مولویوں مجتہدوں، ماتمیوں اور ورکروں کی ہفوات اور خرافات کو بحوالہ ملاحظہ فرمایا کہ شیعہ قوم چیخ اٹھی کہ ہمیں حق نواز کافر کہتا ہے۔ ہمیں کفر کے فتوے سنائے جاتے ہیں اور سنی نوجوانوں سے دیواروں پر لکھوائے جاتے ہیں اور شیعہ نے اپنا بھرم رکھنے کے لئے مولانا مرحوم کو تخریب کار فتنہ پرداز تک کہا۔ اور جو کچھ بھی اس کے علاوہ ان غلیظ لوگوں کی زبانوں سے نکلا اور ان کے مکذوبات سے بھرے ہوئے دلوں نے اگلا اور جو اُن کی قلموں نے لکھا وہ ہم اپنی اس تحریر میں لکھ چکے ہیں۔۔ لیکن آپ ٹھنڈے دماغ سے سوچیے، دل پر ہاتھ رکھ کر ذرا اندازہ فرمائیے کہ مولانا جھنگوی کا تشدد ان کی حق گوئی و بے باکی ان کی جرأت و بہادری کیا ذاتیات پر مبنی تھی یا حقائق پر؟ تو جب آپ منصفانہ طور پر معلوم کریں گے تو یاد رہو گا کہ مسلمانوں

کے عقائد و نظریات پر شیعت نے اہل بیت عظام کی محبت کی آڑ میں شب خون مارنے کی بزدلانہ جرأت کی جس کا خمیازہ صرف پاکستانی شیعہ ذاکروں، مصنفوں اور لیڈروں کو ہی نہیں بلکہ پوری دنیائے شیعت کو بھگتنا پڑا اور یہ خمیازہ یہ متعہ کی اولاد قیامت تک بھگتتی رہے گی ؎

ہم کل بھی سردار صداقت کے امیں تھے
ہم آج بھی اعلان حق سر عام کریں گے

شیعہ مذہب نے کیا گل کھلائے

اب شیعہ قوم کے مبلغین اور ذاکرین ان عبارات کو ٹھنڈے دماغ اور حوصلے کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں جن کی بنا پر حضرت جھنگوی "شہید" کافر کافر شیعہ کافر" کہتے تھے اور آج پاکستان کے چپے چپے پر بچے بچے سے سنا جا سکتا ہے آپ ان عبارات کو ملاحظہ فرمائیں۔ اصول کافی کتاب الحجۃ ج ا ص ۲۲۸ پر حضرت جابر کی روایت لکھی ہے۔

عن جابر قال سمعت ابا جعفر علیہ السلام یقول ما ادعی احد من الناس انہ جمع القرآن کلہ کما انزل الا کذاب وما جمعہ وحفظہ کما نزلہ اللہ تعالیٰ الا علی بن ابی طالب والائمۃ من بعدہ علیہ السلام (ص ۲۲۸)

کوئی شخص یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ اس نے سارا قرآن اس طرح جمع کیا ہو جیسا کہ یہ نازل ہوا ہے۔ جو شخص ایسا دعویٰ کرے وہ کذاب ہے، اس (قرآن) کو نزول کے مطابق نہ کسی نے جمع کیا نہ کسی نے یاد کیا، مگر علی ابن ابی طالب نے اور ان کے بعد آنے والے ائمہ نے۔

۲۔ اصول کافی میں ہے:۔ فاذا قام القائم قرأ کتاب اللہ عزوجل علی حدہ واخرج المصحف الذی کتبہ علی علیہ السلام اصول کافی ج ۲ ص ۶۳۲

جب امام مہدی آئیں گے تو اس وقت قرآن اپنی اصل پر پڑھا جائے گا اور وہ

قرآن لایا جائے گا جو حضرت علی علیہ السلام نے لکھا تھا۔

۳۔ اِنَّ اللّٰہَ اصطفیٰ آدم ونوحًا وآل ابراھیم وآل عمران علی العالمین

علی ابن ابراھیم قمی

شیعی مفسر نے لکھا کہ یہاں آلِ محمد بھی تھا۔ جو نکال دیا گیا ہے۔

۴۔ ولقد عہدنا اِلیٰ آدم من قبل فنسی ولم نجد لہٗ عزما

امام جعفر صادق سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے، کہ اور ہم نے آدم کو پہلے سے محمدؐ، علی، حسن، فاطمہ، حسین اور ان کی ذریت کے ائمہ کے بارے میں حکم دیا تھا سو آدم بھول گئے۔ خدا کی قسم حضورؐ پر یہ آیت اسی طرح نازل ہوئی تھی۔

کیا یہ قرآن کے محافظ ہیں؟

آپ نے قرآن پاک سے متعلق شیعہ کی قدیم روایات ملاحظہ فرمائیں۔۔۔۔ اصول کافی وغیرہ شیعہ کی اصل الاصول کتب ہیں جن پر اس مذہب کی بنیاد و نہاد ہے اور اس کتاب میں تحریف کے عقیدے کو صراحۃً تسلیم کیا گیا ہے اور یہ لکھا گیا ہے کہ اس قرآن سے فلاں آیت کاٹی گئی۔ فلاں مقام سے فلاں الفاظ نکالے گئے، تو قرآن کریم کے اندر کمی بیشی ماننے والے قرآن کے محافظ ہوئے یا اس نبوی سرمایہ کو اور کلام ربانی کو محرف ومبدل مان کر مذہبی چور اور ڈاکو۔؟ ان عبارات سے بھی شیعہ کا کفر ننگا ہوگیا ہے۔

شیعہ کی چوٹی کی کتاب فصل الخطاب فی تحریف کتاب رب الارباب علامہ حسین بن محمد تقی کی تصنیف ہے جس میں انہوں نے ایڑی سے چوٹی تک کا زور لگا کر قرآن کو محرف اور مبدل ثابت کرنے کی ناکام جسارت کی (العیاذ باللہ)

سرگودھا کے محمد حسین ڈھکو نے لکھا ہے کہ اصل قرآن میں بارہ اماموں کے نام وغیرہ بھی تھے لیکن وہ نکال دیئے گئے ہیں! اور انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ ہمارے بعض علماء تحریف قرآن کے قائل ہیں (احسن الفوائد ص ۲۷۹)

بحوالہ عظیم فتنہ مولفہ قاضی مظہر حسین صاحب) اسی طرح ایک شیعہ مرزا احمد علی امرتسری نے لکھا کہ میں بھی قرآن جیسی کتاب لکھ سکتا ہوں (الانصاف)

ایران کا شائع شدہ قرآن کیوں ضبط کیا گیا

شیعہ قرآن مجید الہامی کتاب الٰہی کو صحیح تسلیم نہیں کرتے چنانچہ ایران کے خونخوار مذہبی بھیڑیوں نے خونی انقلاب کے بعد قرآن پاک کا تحریف شدہ نسخہ شائع کیا جس کو صدر ضیاء الحق مرحوم کی حکومت نے ضبط کرنے کا حکم فرمایا تھا۔۔۔ ”چنانچہ روزنامہ مشرق جو ٹرسٹ آف پاکستان کا حکومتی اخبار ہے“ اس میں حسب ذیل خبر شائع ہوئی۔

”حکومت پاکستان نے ادارہ سازمان، چپ انتشارات جاوداں (ایران) کا شائع کردہ قرآن پاک نمبر ۴ کی تمام کاپیاں اعراب کی اغلاط جو قرآن پاک کے مصدقہ اور قابل قبول نسخہ کے خلاف ہے کی بناپر ضبط کر لی ہیں۔ اس سے پاکستان میں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں حکومت نے قرآن پاک نمبر ۴ کی تمام کاپیاں بھی فوری طور پر ضبط کر لی ہیں“

(روزنامہ مشرق لاہور ۱۲ دسمبر ۱۹۸۷ء)

شیعہ مذہب کے رہنما ذرا اپنی ان اداؤں پر بھی غور فرمائیں کہ وہ کیا کرتے آئے ہیں اور مذہبی قزاق بن کر بہروپیوں کی طرح کس طرح قرآن و سنت کے مسلمات کو چیلنج کرتے آئے ہیں اور فی زمانہ بھی وہ اپنی اسی ضد اور ہٹ دھرمی پر ڈٹے آرہے ہیں (واللہ الھادی) اسی وجہ سے تو مولانا حق نواز مرحوم اور سارے سنی مذہبی علماء رہنما شیعیت کے کفر پر اتفاق کر چکے ہیں۔

Scanned with CamScanner

نبی پاکؐ امام مہدی کے مُرید ہوں گے

شیعہ کی مشہور و معروف کتاب حق الیقین مطبوعہ تہران کے بدلگام، بدطینت مصنف ملّا باقر مجلسی نے سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا مرتبہ بھی کم کر دیا۔ اور اس بدبخت نے اپنی بدنام زمانہ تصنیف میں لکھا ہے کہ رسول اللہؐ امام مہدی کے ہاتھ پر بیعت کریں گے۔ حق الیقین ص ۳۴۷ ج ۲ (پرانا) ہے۔ "چوں قائم آلِ محمد بیروں آید خدا اورا یاری کند اوّل کیکہ با او بیعت، کند محمد باشد" العیاذ باللہ، کہ امام مہدی جب غار سے باہر آئیں گے تو سب سے پہلے حضرت محمدؐ ان کے ہاتھ پر بیعت کریں گے۔

چار مرتبہ متعہ اور مقام رسول اللہ

ایک دوسرا بدبخت و بدنصیب شیعہ مصنف ملّا فتح اللہ کاشانی تفسیر منہج الصادقین کے اندر لکھتا ہے۔ کہ جو ایک مرتبہ متعہ کرے گا اس کا درجہ حسین کا درجہ ہے جو دو مرتبہ متعہ کرے گا اس کو حضرت حسن کا درجہ مل گیا اور تین مرتبہ متعہ کرنے والے کو حضرت علی کا درجہ مل گیا اور لکھا ہے کہ رسول اللہؐ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے چار مرتبہ متعہ کیا اس کو میرا رُتبہ مل گیا ہے۔

خمینی کی ہفوہ

خمینی صاحب بانی خونی شیعی انقلاب ایران ملعون اپنی کتاب الحکومت الاسلامیہ میں لکھتے ہیں کہ ہمارے اماموں کو وہ رتبہ حاصل ہے جو کسی مقرب فرشتہ اور نبی مُرسل کو بھی حاصل نہیں۔ (استغفر اللہ)

ملا باقر مجلسی خمینی کی نظر میں

ملا باقر مجلسی جسے شیعہ اپنے لئے باعثِ صد افتخار جانتے ہیں، اور جسے خونی انقلاب کے رہنما خمینی ایرانی نے اپنی تائید سے نوازا ہے۔ اس بد فطرت انسان نے حضرت عائشہ رضؓ کے بارے میں یوں لکھا ہے، "چوں قائم ما ظاہر شود، عائشہ را زندہ کند تا برا وحد بزند و انتقام فاطمہ از و بکشد"، حق الیقین صفحہ ۳۴۷ اسی بد بخت مصنف ملعون و مردود نے لکھا ہے کہ عائشہ غدارہ اور حضرت حفصہ رضؓ و عائشہ رضؓ کے بارے میں لکھا ہے "آں دو منافقہ۔ حیات القلوب صفحہ ۴۲۵، ج ۲۔

یہ عبارت پڑھ کر ایک عام آدمی کا دل دہلنے لگتا ہے۔ وجود کانپنے لگتا ہے۔ جسم مرتعش ہو جاتا ہے۔ دماغ کی ہنڈیا اُبلنے لگتی ہے۔ تو ایسی بد فطرت، بد بخت و بد نصیب شخصیات کو جنہوں نے اللہ کی سچی کتاب کو معاف نہیں کیا، جنہوں نے ساری کائنات کے سردار رحمت دو جہاں ؐ کو معاف نہیں کیا، جنہوں نے صدیقۂ کائنات کو معاف نہیں کیا۔ ایسے غلیظ اور نجس العین لوگوں کو تمغوں اور ایوارڈوں سے نہیں نوازا جا سکتا بلکہ ان کے لئے حق نواز مرحوم کی زبان ہی مناسب اور جرأت مندانہ فعل ہے۔

ملا باقر مجلسی کے بارے میں خمینی لکھتا ہے "وہ فارسی کتابیں جو مجلسی مرحوم نے ایرانی لوگوں کے لئے لکھی ہیں انہیں پڑھتے رہو تا کہ اپنے آپ کو کسی اور ایسی بے وقوفی میں مبتلا نہ کرو (کشف الاسرار صفحہ ۱۲۱)

شیرانی میاں ہوش کے ناخن لیں

مولانا محمد خان شیرانی جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمان گروپ کے اس وقت پارلیمانی لیڈر ہیں جو صاف اور دو ٹوک

